© rasailojaraid.com

حافظ صلاح الدین صاحب یوسف مدیر الاعتصام لاہور

# تعارف و تبصرہ کتب

## الشیعة واھل البیت (عربی)

تالیف: الاستاذ احسان الٰہی ظہیر
بڑا کتابی سائز، ٹائپ کی معیاری کتابت وطباعت
صفحات ۳۱۶ قیمت:
ناشر: ادارہ ترجمان السنۃ ۴۷۵ شادمان لاہور

مولانا حافظ احسان الٰہی ظہیر کی شخصیت، جو علامہ ظہیر کے لقب سے معروف ہیں، اب محتاجِ تعارف نہیں۔ عوامی حلقوں میں وہ ایک بلند پایہ خطیب کی حیثیت سے معروف ہیں، ان کی خطابت کے ہمہمے اور طنطنے سے فریقِ مخالف لرزاں و ترساں رہتا ہے اور ان کی گھن گرج سے عوامی اجتماعات کی رونق قائم ہے۔ دوسری طرف وہ اہل علم کی صف میں بھی نہایت نمایاں اور سرآمد روزگار نظر آتے ہیں۔ بالخصوص عربی اہل قلم میں، کیونکہ ماضی قریب کے تھوڑے سے عرصے میں ان کی متعدد عربی کتابیں منصۂ شہود پر آئی ہیں اور عربوں کے علمی حلقوں میں انہیں خاصی پذیرائی نصیب ہوئی ہے۔ اپنی ان دوگونہ خصوصیات و خدمات کی بناء پر جناب حافظ صاحب موصوف عرب و عجم میں یکساں مقبول و محترم ہیں ؎

این سعادت بزورِ بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

© rasailojaraid.com